© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

❖ پاکستان میں مولوی چھائے ہوئے ہیں۔ (کامران رضوری)

**لک صبر ک!** طالبان آرہے ہیں۔

❖ نواز شریف کی خود کلامی ٹھنڈی آہیں بھرتے ہیں۔ (فرائیڈے سپیشل)

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

❖ مولانا اجمل قادری نیپ پنجاب کی صدر نیلم شاہ سے ملاقات کر رہے ہیں۔ (ایک تصویر)

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی!

❖ کریم ملک کی ملتان یونیورسٹی کے پبلک ریلیشن آفیسر کے عہدے سے برطرفی کا فیصلہ (ایک خبر)

دودھ میں سے کریم نکال دی جائے گی

❖ ملتان پولیس کی نااہلی۔ ایک ہی رات چوری کی سترہ وارداتیں (ایک خبر)

خبر غلط ہے پولیس کی تو اہلیت ہی یہی ہے۔

❖ ویمن جیل کی لیڈی وارڈن آشنا کے ساتھ فرار (ایک خبر)

بندوق سے گولی اور گھر سے عورت، ایک دفعہ چلی تو توبہ ہی بھلی!

❖ مولوی کا بھی احتساب ہونا چاہیے۔ (ولی خان)

ہر دہریئے کی تان مولوی پہ آکے ٹوٹتی ہے۔

❖ لانڈھی جیل۔ شہباز شریف اور سیف الرحمن میں ہاتھا پائی (ایک خبر)

تے ہور کی کرن

❖ نوابزادہ نصر اللہ نے بے نظیر کی انچاسویں سالگرہ کا کیک کاٹا۔ (ایک خبر)

حمیت نام تھا جس کا گئی تیمور کے گھر سے

## شیخ عطاء المحسن کی ولادت

محسن احرار فداء ناموس صحابہ ابن امیر شریعت حضرت سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد، شیخ فضل الرحمن صاحب کے فرزند اور مدرسہ معمورہ ملتان کے فارغ التحصیل حافظ شیخ محمد علی کو اللہ تعالیٰ نے ۱۹، جون ۲۰۰۰ کو بیٹا عطاء کیا ہے۔ عزیز موصوف نے نومولود کا نام "شیخ عطاء المحسن" تجویز کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس بچے کو دین کا عالم اور اسلام کا سچا سپاہی بنائے۔ تمام اراکینِ ادارہ نومولود کی عمر میں برکت کی دعاء کرتے ہیں اور والدین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ (آمین)

© rasailojaraid.com